www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com


اِعْتَزَلَ عَنَّا الْوَاصِلُ ۔ یعنی واصل ہم سے الگ ہو گیا ۔
واصل نے اپنے خیالات کی اشاعت شروع کر دی اور کئی ایک اشخاص جو پہلے بھی مسئلہ تقدیر وغیرہ میں اس کے ہم خیال تھے ، اس کے ساتھ ہو گئے ۔ ان کا گروہ بڑھتا گیا اور اُن کا نام حضرت حسنؒ کے قول کے مطابق معتزلہ پڑا ۔ خلیفہ مامون الرشید اس مذہب کے مشہور عالم ابو ہذیل کے شیشے میں اُتر گیا ۔ اور اُن کے مخصوص مسائل کو جبر و تشدد سے منوانے لگا ۔ جس سے علمائے سنت سخت امتحان و ابتلاء میں پڑے ۔
(تاریخ اہلحدیث از میر سیالکوٹی ص ۱۴۲-۱۴۱)

(نوٹ) امام اہل السنۃ حضرت امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ پر مسئلہ خلق قرآن کے متعلق جو جبر و تشدد ہوا ۔ اور آپ کو (اَلْقُرْآنُ کَلَامُ اللّٰہِ غَیْرُ مَخْلُوْقٍ) کا عقیدہ بیان کرنے پر کوڑے لگائے گئے اور بیڑیاں پہنا کر جیل خانہ میں ڈال دیا گیا ۔ یہ غلط عقیدہ کہ قرآن مخلوق ہے ، انہی فرقہ معتزلہ کا پیدا کیا ہوا تھا ۔ جس کے قبول نہ کرنے پر علمائے اہل السنّۃ خصوصاً امام احمد بن حنبلؒ کو بہت سی تکالیف و مصائب کا سامنا کرنا پڑا ۔ مسلسل حکومت سے سامنا رہا ۔ اور وہ سزا دیتے رہے ۔ بالآخر اللہ تعالیٰ نے اپنے نیک بندے امام احمدؒ بن حنبل کے استقلال کو قبول فرمایا ۔ اور آپ بعد عزت و احترام اس امتحان میں کامیاب ہوئے ۔ اور اہلِ اسلام نے آپ کو اس استقامت پر امام اہل السنّۃ کا معزز و محترم لقب عطا فرمایا ۔
رَحِمَہُ اللّٰہُ عَلَیْہِ رَحْمَۃً وَّاسِعَۃً ۔

فائدہ :۔ فرقہ جہمیہ اور معتزلہ کے تعارف میں ہم نے اس لیے گذارشات عرض کی ہیں کہ اُن کے تذکرہ و تعارف کے بغیر مسئلہ صفاتِ باری تعالیٰ کی وضاحت نہیں ہو سکتی (تُعْرَفُ الْاَشْیَاءُ بِاَضْدَادِھَا)

## چوھدری عبدالعزیزؒ کا انتقال !

معروف دینی اور سماجی شخصیت چوھدری عبدالعزیز (چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ) یکم اکتوبر ۱۹۹۰ء سہ پہر پانچ بجے حرکتِ قلب بند ہو جانے سے لاہور میں انتقال کر گئے ۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ط
مرحوم گوناگوں اوصاف کے حامل ایک متحرک شخصیت تھے ۔ ساری زندگی خیراتی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے رہے ۔ آپ مرکز اہلحدیث ۵۳ ۔ لارنس روڈ لاہور کے چیئرمین اور کئی سماجی اداروں کے سربراہ تھے ۔ وفات کے وقت دینی حلقوں کے علاوہ چھ بیٹیاں اور ایک بیٹا سوگوار چھوڑا ہے ۔ اللہ تعالیٰ اُن کی خطاؤں سے درگذر فرماتے اور کارہائے خیر پر اعلیٰ مقامات عطا فرمائے ۔ آمین (ادارہ محدث)



[illegible]

© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ